پریس ریلیز

جنرل ہسپتال میں مفت ادویات کی فراہمی کیلئے 7 کاؤنٹرز پر مشتمل فارمیسی کا افتتاح

وزیراعلیٰ کی ہدایت پر مریضوں کی سہولت کیلئے آؤٹ ڈور فارمیسی 12 گھنٹے کھلی رہے گی: پروفیسر الفرید ظفر

آؤٹ ڈور میں روزانہ تین ہزار سے زائد مریضوں کا بغیر پرچی فیس سینئر ڈاکٹرز طبی معائنہ کرتے ہیں: ایم ایس

سرکاری ادویات پنجاب حکومت کی امانت، ان کی ترسیل کا مکمل ریکارڈ رکھا جائے، پرنسپل اے ایم سی کی گفتگو

موجود ادویات بارے روزانہ ایمرجنسی، ان ڈور اور آؤٹ ڈور کے ڈاکٹرز کو آگاہ رکھیں: چیف فارماسسٹ کو ہدایت

لاہور 12 مئی:......وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کی ہدایت پر مریضوں کو بلا امتیاز اور معیاری مفت ادویات کی فراہمی کیلئے لاہور جنرل ہسپتال کے آؤٹ ڈور میں سٹیٹ آف دی آرٹ ماڈل فارمیسی قائم کر دی گئی ہے جس کا افتتاح پرنسپل امیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر الفرید ظفر نے کیا جبکہ ماڈل فارمیسی کے قیام پر ایم ایس پروفیسر ڈاکٹر فریاد حسین اور اُن کی ٹیم کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے انہیں خراج تحسین پیش کیا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر آؤٹ ڈور ڈاکٹر عدنان مسعود، چیف فارماسسٹ امیر شاہد، ڈاکٹر عبدالعزیز، ڈاکٹر صارم شاہد، ڈاکٹر نادیہ ارشد، ڈاکٹر عمر پاشا، ڈاکٹر عاصمہ اکرم، ڈاکٹر سلمان شکیل سمیت ہیلتھ پروفیشنلز موجود تھے۔

پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ مریض او پی ڈی فارمیسی سے صبح آٹھ بجے سے شام آٹھ بجے تک معیاری ادویات مفت حاصل کر سکیں گے جس سے نہ صرف اُن کی پریشانی کم ہوگی بلکہ انتظار کی زحمت سے بھی بچ سکیں گے۔ میڈیکل سپرنٹنڈنٹ پروفیسر ڈاکٹر فریاد حسین نے پروفیسر الفرید ظفر کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ مریضوں کی سہولت کیلئے سات کاونٹر قائم کئے گئے ہیں جس میں سینئر سیٹیزنز، خصوصی افراد، مرد و خواتین اور سرکاری ملازمین کیلئے الگ الگ کاونٹر شامل ہیں۔ پروفیسر الفرید ظفر نے انتظامیہ سے کہا کہ سرکاری ادویات پنجاب حکومت کی جانب سے امانت ہیں اور ان کی ترسیل کا مکمل ریکارڈ رکھا جائے۔ انہوں نے چیف فارماسسٹ کو ہدایت کی کہ وہ ہسپتال میں موجود ادویات سے متعلق روزانہ کی بنیاد پر شعبہ ایمرجنسی، ان ڈور اور آؤٹ ڈور کے ڈاکٹرز کو مکمل طور پر آگاہ رکھیں تا کہ انہیں ادویات تجویز کرتے وقت آسانی ہو۔

ایم ایس ڈاکٹر فریاد حسین کا کہنا تھا آؤٹ ڈور میں روزانہ کی بنیاد پر تین ہزار سے زائد مریض آتے ہیں جن کا بغیر پرچی فیس سینئر ڈاکٹرز علاج معالجہ کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ فارمیسی 12 گھنٹے کھلی رہنے سے مریضوں کو ادویات کے حصول میں کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا اور یہ واحد ہسپتال ہے جہاں آؤٹ ڈور فارمیسی میں سات کاؤنٹرز بنائے گئے ہیں جو قابل ستائش امر ہے۔ پرنسپل پروفیسر الفرید ظفر نے ماڈل فارمیسی کے کاؤنٹرز کا دورہ کیا، مریضوں کو دی جانے والی ادویات کا معائنہ کیا اور تمام انتظامات پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے انہیں تسلی بخش قرار دیا۔

☆☆☆☆